# PRESS RELEASE

For immediate release
***March 19, 2016***

**SECP strives to strengthen regulatory framework**

ISLAMABAD, March 19: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has been focusing on strengthening its regulatory framework through introduction of structural and legal reforms aimed at market development, ensuring investors' protection, increasing investor base and creating enabling environment for businesses.

Another major achievement of the SECP in reforming its legal infrastructure would be the introduction of Companies Bill, 2016. The SECP has concluded extensive consultations with all the stakeholders to obtain their feedback on proposed draft of companies' bill.

The SECP is organizing a national level seminar in Islamabad on March 26 to highlight the importance and salient features of proposed companies' bill. All leading professionals related to corporate sector and office bearer of business associations and other bodies would participate while the honorable finance minister Muhammad Ishaq Dar is likely be the chief guest. The draft companies bill, once finalized, will result in investor facilitation, clarity in the role of various stakeholders and greater transparency.

It may be added here that in the last one year, a number of laws such as the Securities Act, 2015, the Companies (Amendment) Act, 2015, the Stock Exchanges (Corporatization, Demutualization and Integration) (Amendment) Act, 2015, and the Futures Market Act (FMA), 2016, have been promulgated, which can certainly be termed SECP's major successes. In addition, the National Assembly passed the Corporate Restructuring Companies Bill (CRCB), 2016, on March 17, 2016.

The Securities Act came into effect in May 2015. Besides addressing various shortcomings of the Securities and Exchange Ordinance, 1969, the new law incorporates the International Organization of Securities Commissions (IOSCO) benchmarks. It contains provisions for promoting public confidence in the market, including full disclosure at the time of the initial offering, continuous disclosure requirements and an comprehensive compliance regime. It also contains provisions for curbing activities like market abuse and insider trading.

The Companies (Amendment) Act, 2015, seeks to provide for the listed companies to purchase their shares from the market and either to cancel the repurchased shares or retain them as treasury shares. Listed companies, which feel that their shares are undervalued on the stock market, may buy back/repurchase their shares which may improve the earning per share of such companies and bring stability in the market price of such shares.

The Stock Exchanges (Corporatization, Demutualization and Integration) (Amendment) Act, 2015, aims at extending the moratorium period provided in chapter III of the Stock Exchanges

(Corporatization, Demutualization and Integration) Act, 2012, as due date had already elapsed due to delay in promulgations the Act. It is pertinent to note that Stock Exchanges (Corporatization, Demutualization and Integration) Act, 2012, provided framework allowing segregation of ownership and trading rights to enable demutualization and integration of the stock exchanges. The promulgation of this Act enabled the integration of Karachi, Lahore and Islamabad stock exchanges into the Pakistan Stock Exchange.

As for the CRCB, it has been drafted as a first step for the establishment, licensing and regulation of corporate restructuring companies and the manner in which they can conduct their businesses. This bill seeks to declare the corporate restructuring as new form of business under which companies can be formed in Pakistan for the purpose of making the financially distressed companies to financially and operationally viable companies. In addition, the bill will provide a basic set-up for rehabilitation mechanism of sick units in the country and to put the corporate economy on fast track. The bill has been drafted after extensive consultation with relevant stakeholders keeping in view the local conditions.

The Futures Market Act is aimed at regulating the futures market fairly, efficiently and transparently, and protecting investors who trade in the commodities. At present, the futures market is being regulated under the Securities and Exchange Ordinance (SEO), 1969). The SECP felt that the law was fundamentally incomplete, lacked a proper and logical structure, and suffered from numerous inconsistencies and gaps.

In addition to the above-mentioned laws, 12 rules and regulations have been prescribed by the SECP and 14 amendments to rules, regulations and schedules have been made. Seven rules and regulations have been published to obtain public's feedback. Some rules have been forwarded to the federal government for approval.

کارپوریٹ سیکٹر اور کیپٹل مارکیٹ کے استحکام کے لئے قانونی ڈھانچہ جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ ایس ای سی پی

اسلام آباد ( مارچ ۱۹ ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان اپنے ریگولیٹری فریم ورک کو مستحکم بنانے کے لئے تمام ضروری سٹکچرل و قانونی اصلاحات کر رہا ہے جن کا مقصد کیپیٹل مارکیٹ کا فروغ ، سرمایہ کاروں کا تحفظ ، سرمایہ کاری کے لئے نئے مواقعوں کی فراہمی اور کارپوریٹ سیکٹر کو ایک سازگار ماحول کی فراہمی ہے۔

قانونی اصلاحات کی جانب ایس ای سی پی کی ایک اور بڑی کامیابی کمپنیز بل 2016 کے مسودے کی تکمیل ہے۔ کمپنیز بل 2016 کے مسودے پر تمام متعلقہ شراکت داروں اور سٹیک پولڈروں سے رائے اور تجاویز حاصل کرنے کے لئے ملک کے تمام بڑے شہروں میں مشاورتی سیمینار منعقد کئے گئے ۔ ایس ای سی پی مارچ چھبیس نئے کمپنیز بل کے مسودے پر ایک قومی شطح کے سیمینار کا انعقاد کر رہا ہے جس میں وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار مہمان خصوصی ہوں گے۔ نیا کمپنیز بل، متعارف ہونے کے بعد، کارپوریٹ سیکتر کے فروغ، سرمایہ کاروں کو تحفظ و سہولت اور ملک میں ایک سازگار کاروباری ماحول فراہم کرے گا۔

گزشتہ ایک سال میں ایس ای سی پی کی جانب سے پیش کردہ سکیورٹیز ایکٹ 2015 ، کمپنیز (ترامیمی) بل 2015، اسٹاک ایکس چینجز( کارپورائزیشن، ڈی میو چلائزیشن اور انٹگریشن) (ترامیمی) بل 2015 اور

حال ہی میں فیوچر مارکیٹ بل2016 اور کارپوریٹ اسٹرکچرنگ کمپنیوں بل 2016 کوپارلیمنٹ سے منظور کیا گیا۔

سیکیورٹیز ایکٹ2015 جو کہ25 مئی 2015 کو جاری کیا گیا ، کے نفاذ سے ملک کی کیپٹل مارکیٹ کو جدید خطوط پر استوار کر دیا گیا ہے۔ نئے سکیورٹیز بل میں پرانے سیکیورٹیز اینڈ ایکس چینج آرڈیننس 1969 کی خامیوں کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ سکیورٹیز کمیشن کی عالمی تنظیم آئیسکو (آئی او ایس سی او ) کے معیارات کو مد نظر رکھتے ہوئے تشکیل دیا گیا ہے جبکہ سکیورٹیز کے نئے قانون میں سرمایہ کاروں کے تحفظ اور عوام کے مارکیٹ پر اعتماد کو مستحکم کرنے سے متعلق شقیں بھی شامل ہیں۔

حال ہی میں جاری کئے گئے کمپنیز ترمیمی بل 2015 کے ذریعے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو یہ حق دیا گیا ہے کو لسٹڈ کمپنیاں مارکیٹ سے اپنے شیئرز خود خرید سکتی ہیں اور واپس خریدے گئے حاصل حصص کو اپنے پاس محفوظ کر سکتیں ہیں یا پھر انہیں منسوخ بھی کر سکتیں ہیں۔ ہیں۔ اگر لسٹڈ کمپنیاں یہ سمجھیں کہ ان کہ حصص کی قیمت سٹاک مارکیٹ میں گرِ رہی ہے تو انہیں استحکام دینے کے لئے خدید سکتیں ہیں۔

سٹاک ایکسچینج (کارپورائزیشن، ڈی میوچلائزیشن اورانٹی گریشن) ترامیمی بل 2015 کے نتیجے میں کراچی، لاہور اور اسلام آباد اسٹاک ایکس چینج آپس میں ضم ہو کر پاکستان اسٹاک ایکس چینج بن گئیں ہیں اور اب پاکستان سٹاک ایکسچینج میں اسٹرٹیجک سرمایہ کاری کے مواقع بہتر ہو گئے ہیں۔

کارپوریٹ ری اسٹکچرئنگ بل کا مقصد ایک نئے کاروباری نظام کا آغاز ہے جس کے تحت ایسی کمپنیاں کی تشکیل کی جا سکے گی جو کہ کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کا کام کریں گی۔ ایس ای سی پی ان کمپنیوں کو رجسٹرڈ کرے گا، ان کو لائسنس جاری کرے گا اور ان کو ریگولیٹ کرے گا ۔ یہ کمپنیاں مالیاتی اداروں کے کاروباری اثاثہ جات (کاروباری کمپنیوں) جو کہ غیر فعال ہو چکے ہوں ، کو حاصل کر سکیں گی اور ان کی بحالی کا کاروبار کریں گی اور ایسی ناکام کمپنیوں کو کاروباری طور پر کامیاب بنائیں گی۔

فیو چر مارکیٹ بل میں مارکیٹ میں ہونے والی فیوچر ٹریڈنگ سے متعلقہ تمام امور کا تفصیل سے احادہ کیا گیا ہے جو کہ ملک میں ایک جدید اور شفاف فیوچر مارکیٹ کے قیام کے لئے مددگار ہو۔ اس بل میں سرمایہ کاروں کے تحفظ کے لئے موثر اقدامات تجویز کئے گئے ہیں۔

ان نئے قوانین کی منظوری کے بعد ایس ای سی پی ان قوانین کے تحت کئی قوائد و ضوابط تشکیل دے چکی ہے جبکہ کئی دیگر متعلقہ قوائد و ضوابط کی تشکیل و ترتیب کا کام تیزی سے جاری ہے۔ ایس ای سی پی پر عزم ہے کہ اتنے کم عرصے میں تمام قوانین ڈھانچہ کی جدید خطوط پر استوار ہونے سے ہماری کیپٹل مارکیٹ اور کارپوریٹ سیکٹر مستحکم ہوں گے